SuperNovaSchool®
LEARN TO BE DISTINCT

موضوع : تفہیم۔4	نام:	فریق:	تاریخ :

سوال:درج ذیل تفہیم کو بغور پڑھ کر دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔

ہمارے چاروں طرف رنگ ہی رنگ ہیں ۔آپ اِدھر اُدھر دیکھیے کون سی ایسی چیز ہے جس کا کوئی رنگ نہ ہو ۔اللہ نے ہماری آنکھوں کو اس طرح بنایا ہے کہ ہمیں سب رنگ الگ الگ نظر آتے ہیں ۔لال ،نیلا اور پیلا ۔یہ بنیادی رنگ کہلاتے ہیں ۔ان تین رنگوں سے مل کر ہی سارے رنگ بنتے ہیں ۔جانور رنگوں سے بہت سے کام لیتے ہیں مثلاً اللہ نے بہت سے جانوروں کی کھال بالوں یا پروں کا رنگ ایسا بنایا ہے جو ان کے رہنے کی جگہ سے ملتا جلتا ہوتا ہے ۔جس کی وجہ سے وہ اپنے دشمنوں سے بچ جاتے ہیں ۔اکثر جانوروں کے رنگ سے دوسری جانوروں کے کچھ اشارے بھی ملتے ہیں، مثلاً چمکتا ہوا لال اور پیلا رنگ بتاتا ہے کہ یہ جانور زہریلا ہے ۔ایک پیلا مینڈک اتنا زہریلا ہوتا ہے کہ اگر وہ کاٹ لے تو بندر بھی مر سکتا ہے ۔گرگٹ اپنے ماحول کی مناسبت سے رنگ بدل دیتے ہیں۔ برسات کے دِنوں میں آپ نے آسمان پر ایک ستر نگی کمان دیکھی ہوگی ،جِسے قوسِ قزح کہتے ہیں ۔اس میں سات رنگ ہوتے ہیں ۔لال ،پیلا ،ہرا ،نارنجی، جامنی، کاسنی اور نیلا۔

س 1۔ کون سے رنگ بُنیادی رنگ کہلاتے ہیں؟

ج:_____

_____

س2۔ہماری آنکھوں کی کیاخاصیت (خُوبی) ہے؟

ج:_____

_____

س3۔ ستر نگی کمان کیا ہے اور اِس میں کتنے رنگ ہوتے ہیں؟

ج:_____

س4: عبارت میں دیے گئے تمام رنگوں کے نام تلاش کر کے لکھیے۔

س5: جانوروں کو اپنی رنگ برنگی کھالوں سے کیا فائدہ ہوتا ہے؟

ج: